UNIVERSAL LIBRARY

OU_224786

UNIVERSAL LIBRARY

رسالہ

عظمة الساعة

ساعت سازی کے بیان مین

تصنیف

خواجہ نور الدین خان

عظمت جنگ بہادر

ولد

جسارة الدولہ بہادر

کلکتہ

سنہ ۱۲۷۱ ھ سنہ ۱۸۵۵ ع

مطبع دوربین مین خاکسار محمد عبد الرؤف

کے اہتمام سے پیرایۂ طبع سے آراستہ ہوا

❁ هو النور ❁

* بسم الله الرحمن الرحیم *

م

شکر اُس حکیم مطلق کا لا تعد و تحصی
واجب ہی * کہ جسنے ہمین کتمان عدم سے موجود کیا *
اور تمام اجرام علوی اور سفلی ہمارے
کاموںکی آسایش کے لئے بنایا * اور اُن سب کی
اصل حقیقت سے ماہر کیا * اور کرۂ آفتاب کو
سوائے اور اُمور کے ہمارے ساعتنا کے
واسطے نور و ضیا بخشا * بعد اُس خورشید

برج نبوت کی اور ثنا اُس سیارہ عرش و فرش کی * کہ اپنی امتون کو طریق حقیقی معدل النہار معرفت کا بتایا * اور مغرب ضلالت سے طرف مشرق ہدایت کی رہنمو ہوا * اور ظلمتیان مغاک فراموشی کو نعیم مقام دائم النور فہم رساکا کیا * اور منطقہ کو اپنی فرمان بردار یکے لازم ہماری کمر اطاعت کا کر کے دغدغہا سے متنوعہ سے نجات ابدی بخشا * درود ہو جیو اُس خواجۂ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر * اور اُسکے آل اور اصحاب پاک کی تعریف طاقت بیان سے باہر ہی *

امابعد یہہ قلیل البضاعت * الراجی الی رحمۃ المنان * خواجہ نورالدین خان * المخاطب بہ عظمت جنگ * ولد جبارت الدولہ بہادر * اکثر نواب صاحب حاتم شیم رستم ہمم فلاطون زمان

ارسطوے دوران ہیر امداراکت نشینان فہم ودانائی سلالۂ دودمان آصفی * نواب عمدۃ الملک بہادر سے علوم ریاضی مین بہت فائدہ حاصل کیا * چنانچہ علم مسطرہ اور علم تیاری ساعت نما کا کہ اُسے دائرہ ہندیہ کہتے ہیں اُسی نواب ممدوح سے حاصل ہوا * اگر کوئی واقف اِس تعریف کو فہم تصنع سے سمجھے * تصنیفات اور تالیفات اُس ممدوح کی دیکھے * تا اُس صداقت بیان پر اعتماد کرے * اِندنون خاطر مین گذرا * کہ علم ساعت نما کا رسالہ ایسا لکھنا کہ تا اِس علم نادر کا فائدہ عام کو پہنچے * اور نوآموزونکو سمجھنا اُسکا آسان ہووے * الحمد للہ یہہ رسالہ زبان اُردو مین بطریق سوال و جواب شاگرد اور اُستاد کے سنہ ۱۲۶۸ ہجری نبوی مین باتمام پہنچا * اور نام اِسکا عظمۃ الساعۃ

رکھا * معلوم ہووے کہ اشارہ (ص) کا بجاے
سوال شاگرد کے اور (ج) بجاے جواب اُستاد کے
ہی * اور اِس رسالے مین دو مقابلے اور سولہہ بیان
اور ایک خاتمہ اور خاتمہ مین تین بیان ہین *
ناظرین کی خدمت مین یہہ مولف اُلتماس رکھتا
ہی * کہ اگر کوئی سہو و خطا عبارت یا مضمون
مین دیکھاین قلم اصلاح کے دامن سے ڈھانپاین *
اور اِس مولف کو دعاے خیر سے یاد کرین *
الٰہی بخش مجھے اور والدین کو میرے اور اخوان
و احباب کو میرے مغفرت سے اپنی *

* اغاز کتاب *

ص حضرت فدوی آداب بجالاتا ہی
ج بہت دنون کے بعد آج کدھر آنا ہوا

س قدوی چند سے ضروری کاموں میں مشغول تھا * اِس واسطے خدمت شریف میں حاضر نہو سکا * امیدوار ہوں کہ ساعت نما تیار کرنے کے علم سے سرفراز فرماویں *

ج بہت مبارک آدمی کو لازم ہی کہ ضروری دنیا کے کاموں سے فراغ کے بعد علم کی تحصیل کے واسطے بھی کوئی ایک ساعت بارہ ساعتوں میں سے مقرر کرنا * کہ علم آدمی کا مرتبہ زیادہ کرتا ہی * اور اعلی مرتبہ کو پہنچاتا ہی *

س حضرت ساعت نما کیا آلہ ہی *

ج بالاخانہ کے کتہرے پر نصب کیا ہوا ہی وہاں جا کر دیکھو *

س حضرت قدوی نے دیکھا مگر کچھ معلوم نہیں ہوا *

ج انشاء اللہ تعالی تھوڑے دنوں میں اِس آلہ کا تیار کرنا اور نصب کرنا اور اِس آلہ

سے ساعت کا دیکھنا معلوم ہوگا * کہ ذہن تمہارا
بہت رسا ہی * یہہ آلہ دن کی ساعتین دکھاتا
ہی * اور اِس آلہ کو کرہ سے استخراج کئے ہیٔن *

س یہہ آلہ کرہ سے کسطرح استخراج ہوا *
ج تمہین کرہ کی تعریف اور تسطیح کرہ کا
نقشہ لکھنا معلوم ہی *
س فدوی کو معلوم نہیٔن حضرت ارشاد
فرماوین *

---

* پہلا مقالہ اسمین پانچ بیان ہین *
* پہلا بیان کرہکی تعریف اور خط استوا *
* کی حقیقت اور تسطیح کرہکی عمل مین *

ج کرہ اُس جسم کو کہتے ہیٔن کہ جسکو ایک
سطح غیر مستوی اِسطرح احاطہ تامہ کرے

کہ جسمین ایک نقطہ ایسا مفروض ہووے
کہ اُس سے خطوط مستقیمہ اُس سطح
غیر مستوی تک کھینچین تو آپس مین برابر
ہون * اُس سطح غیر مستوی کو محیط کرہ * اور
اُس نقطہ کو مرکز جسم کرہ * اور اُن خطوط کو
انصاف اقطار کہتے ہین * جاننا چاہیے کہ جس قطر پر
کرہ حرکت کرتا ہی اُسکو محور کرہ کہتے ہین *
اور جب اُسکا دورہ محور پر تمام ہوتا ہی *
تو ہر نقطہ محیط سے اُسکے دائرہ رسم ہوتا ہی * مگر
دو نقطہ مقابل سے یعنے طرفین محور کے کہ جنکو دو
قطب کرہ اور قطبین حرکت کہتے ہین * اور یہہ
دوائر مرسومہ آپسمین متحد ہوتے ہین * یا متوازی *
انکو مدارات اُن نقطون کے کہتے ہین * اور
وہ سب صغیرہ ہین * جو اُن سب سے دائرہ
عظیمہ کہ کرہ کے دو حصے برابر کرتا ہی اُسے دائرہ

سطح منطقہ کہتے ہیں *

س حضرت خط استوا کسکو کہتے ہیں

ج سنو جو دائرہ و سطح منطقہ فلک اعظم پر ہی اُسکو معدل النہار * اور قطبین کو اُسکے دو قطب عالم کہتے ہیں * اور جو دائرہ زمین پر محاذی معدل النہار کے ہی وہ خط استوا ہی * اور دائرۂ افق حقیقی وہ دائرۂ عظیمہ ہی * جو نصف کرنے والا کرہ فلک کا ہی * ایک نصف ظاہر * دوسرا مخفی آسمان ناظر کی نسبت سے کہ جو مرکز عالم پر ساکن ہووے * اور مانع النظر معدوم ہووے * پس طلوع اور غروب کواکب کے مرکز زمین کے باشندونکو اِسی دائرہ سے معلوم ہوتے ہیں * اور ایک قطب اُسکا سمت الرأس ہی * دوسرا قطب سمت القدم * اور جو خط مرکز عالم سے نکل کر قامت انسان

سے گذر نا ہو افلاک اعلی پر منتہی ہووے * اُس نقطہ کو نقطۂ سمت الراس * اور اُسکے مقابل کو سمت القدم کہتے ہیں * اور یہہ دائرہ معدل النہار کو جن دو نقطون پر قطع کرتا ہی * اُنسے ایک جو طرف طلوع شمس کے واقع ہی * اُسکو نقطۂ مشرق * اور اُسکے مقابل کو نقطۂ مغرب * اور جو خط اِن دونو نقطون کو وصال کیا گیا ہی اُسے خط مشرق مغرب کہتے ہیں *

س دائرۂ نصف النہار کسکو کہتے ہیں *

ج دائرہ نصف النہار اُس دایرۂ عظیمہ کو کہتے ہیں کہ جسکا مرور دو قطب عالم اور دو نقطۂ سمت الراس والقدم پر سے ہووے * اور اِسیکے دو قطب نقطتین مشرق اور مغرب ہوتے ہیں * اور یہہ دائرۂ آفق کی

تنصیف دو نقطۂ مقابل پر کرتا ہی * جو نقطہ کہ آدمی رو بمغرب ہووے پر دست راست کی طرف واقع ہو اُسکو نقطۂ شمال * دوسریکو نقطۂ جنوب کہتے ہین * اور جو خط شمال اور جنوب کے نقطہ کو وصال کیا گیا ہی * اُسکو نصف النہار کا خط کہتے ہین * پس جو قوس نصف النہار کی ما بین معدل النہار اور نقطۂ سمت الراس بلد کے واقع ہووے * جانب اقرب سے وہ اس عرض بلد کی مقدار ہوتی ہی * یا جو قوس دائرہ نصف النہار کی واقع ہو اُفق بلد سے قطب معدل النہار تک جانب اقرب سے * تو وہ مقدار عرض بلد کی ہی *

س جو بلاد کہ خط استوا پر ہین کیا اُنکو عرض بلد نہیں ہوتا *

ج ہان اُن بلاد کو عرض نہیں ہی * اور

بلدۂ برکت آباد فرخندہ بنیاد حیدرآباد دکن
صانہا اللہ تعالی عن الشر والفساد * شمال کی
طرف تخمیناً ساڑھے سترہ درجے پر ہی * اور ہر
بلاد کے عرض و طول کی دریافت کے لئے کرہ کا
سمجھنا ضرور ہی * اور جغرافیا مین اُسکی حقیقت
مفصل معلوم ہوتی ہی * اور بہت جدولین
آسانی کے واسطے مستخرج ہین *

س حضرت کی عنایات سے فدوی نے
عرض بلاد کی حقیقت اور خط اُستوا کی کیفیت
خوب سمجھا * امیدوار ہون کہ تسطیح کرہ کی
شکل کھینچنے کے قاعدے سے سرفراز فرماوین *

ج بہتر تسطیح کرہ کی شکل کھینچنے کا قاعدہ
یہہ ہی * کہ اول ایک خط اب کا کھینچو کہ یہہ
خط نصف النہار ہی * بموجب پہلی شکل کے *

س حضرت نے اُس خط کو خط نصف النہار

کے واسطے فرمایا *

ج اُسکی حقیقت ساعت کا نصب کرنے کے عمل مین سمجھائی جائیگی * اور ایک خط ج د کا ایسا کھینچو کہ خط نصف النہار کو قائمہ زاویون سے قطع کرے * یہہ خط مشرق مغرب ہی * اور یہہ دونو خط کا تقاطع م کے نقطہ پر ہوا * بعدہ پرگار جو اہش کے موافق کھولکے م کے نقطہ کو مرکز کرکے دائرہ ا د ب ج کا کھینچو * اور اُسکو دائرہ افق حیدرآباد دکھن فرض کرو * اور ربع دائرہ ا ج کا کہ سمت الفوق ہی آ کے طرف سے ایک قوس ساڑھے سترہ درجے کی کہ حیدرآباد کا عرض بلد ہی * جدا کرو *

س حضرت ساڑھے سترہ درجے کی قوس کو کس طرح جدا کرنا *

ج سطرہ مقسمہ کے عمل سے یا بر نصف دائرے سے * کہ ایک سو آسی
و وجہ پر منقسم ہوتا ہی * یا آسی اج کے
ربع قوس کو نو حصے متساوی کر کے موافق عرض
بلد کے قوس علیحدہ کرو * اور ع کا نشان
لکھو * بعدہ ایک خط عمای نقاطی ع کے نقطے
سے د کے نقطے تک کہ نقطۂ مغرب ہی کھینچو

س * یہہ خط نقاطی کسواسطے کھینچے *

ج جو خط کہ عمل کے واسطے ہی اسکو نقاطی
کھینچتے ہیں * بعد عمل کے اسکو محو کرنے کا
سمجھنا * یہہ کلیہ قاعدہ ہی اسکو یاد رکھو *

س حضرت کی عنایات سے اب فدوی
نے سمجھا کہ نقاطی خط اسی واسطے اختراع کئے ہین
تا معلوم ہووے کہ یہہ خط محو کرنے کے واسطے
ہی * کیا دا شکال نہین صرف عمل کے واسطے

کھینچے جاتے ہیں *

ج ہاں اسی واسطے ہی * اب دیکھو کہ اس د ع کے تقاطع خط نصف النہار کے خط کو ق کے نقطہ پر قطع کیا. یہہ ق کا نقطہ نقطۂ سمت الرأس ہی کہ عرض بلد حیدر آباد دکھن کے موافق واقع ہوا * بعدہ ج ب کے ربعدائرے سے برابر عرض بلد حیدر آباد کے ایک قوس ج کے نقطے سے جدا کرو کہ یہہ قوس ج ن کی ہی * بعد ج کے نقطے سے ایک تقاطی عمود کہ دائرے کا مماس ہووے پائین کی طرف کھینچو کہ یہہ عمود ج ی کا ہی * پھر م کے مرکز سے تقاطی خط ایسا کھینچو کہ ن کے نقطے سے گذر کے ج ی کے عمود تک پہنچے س کا نقطہ جاے تقاطع ہوگا *

س حضرت نے خط م کے مرکز سے ن

سے کے نقطے پر سے گذرتا ہوا ج ی کے عمود یک
یک واسطے کھینچیے ٭

ج اِس واسطے کھینچیے کہ ج س کے برابر
م ب سے م ل کا خط علیحدہ کرکے ج د کے
متوازی خط ع ان ل سے کے نقطے سے کھینچکر
مرکز مین پیدا کرکے قوسین ساعات کے کھینچے
جائینگے ٭ اس صورت مین وہ قوسین ق کے
نقطے پر سے گذرین گین ٭

س قدوسی نے ج س کے برابر م ل جدا
کرکے ل کے نقطے سے متوازی ج د کے نقاطی خط
پیدا کیا ٭ ساعات کی قوسونکے واسطے مرکز مین پیدا
کرنے کا قاعدہ ارشاد فرمانا ٭

ج اس خط کو دائرے کے دونو طرف بہت
دراز کھینچو ٭ کہ یہہ خط لا ال بش کا ہی ٭ اب
ہر کار برابر ل ق کے کھولو اور ل کے نقطے کو مرکز

کرکے دائرہ کھینچو * کہ ج ق د کی قوس
٦ چھہ ساعت کی ہی * باقی ج ہ د کی قوس
نقاطی دائرہ افق حیدرآباد دکھن کے باہر عملی ہی *

س حضرت سے نے یہہ قوس ٦ چھہ ساعت کی
کس طرح فرض کئے *

ج جس وقت کہ تمہین مقدار ساعت نما کا عمل
معلوم ہوگا دیکھوگے کہ ج نقطہ مشرق اور
د نقطہ مغرب ہی * ہر سال مین دو روز ایسے
ہونگے * کہ سایہ مقیاس کا طلوع اور غروب کے
وقت ج د کے خط پر گریگا *

س ہر روز طلوع اور غروب کیا اُس
خط پر نہین ہوگا *

ج ہان ہر روز ہر بلد کے طلوع اور غروب
مین فرق ہوتا ہی * سواے خط استوا کے
بلاد کے * اور ظاہر ہی کہ کبھو دن کم اور

راتت زیادہ ہوتی ہی * اور کبھو اِسکے
خلاف * جن بلادمین کہ ہمیشہ رات دن برابر
ہین * طلوع اور غروب لامحالہ چھہ چھہ ساعت
پر ہوگا * اِس کمی اور زیادتی کی جدول سال
بسال نئی اِستخراج کی جاتی ہي * اُسکے
دیکھنے سے تمہارے ذہن مین آئیگا *

س حضرت کے فرمانے سے خوب قدوسی
کے ذہن مین آیا * اب قاعدہ باقی قوسونکے
کھینچنے کا ارشاد فرمانا *

ج باقی قوسونکے مرکز پیدا کرنے کا قاعدہ یہہ ہی *
کہ اب کے خط کو ب کی طرف نقاطی وا ایسے
بے دراز کرو باستقامت ہ کے نقطے تک *
یہہ ہ کا نقطہ سمت القدم ہی * پھر ہ کے
نقطے پر عمود کھینچو وہ عمود ہ ز کا ہی * بعد
ل ہ کے برابر کھولکے ہ کے نقطے کو مرکز کرکے

ر بعد ایرہ منقوطہ ل ہ کا کھینچو پھر اُس
ر بعد ایرے کو ۶ حصے متساوی کرکے ہر
حصے پر ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ موافق شکل موجود
کے لکھو * بعد ہ کے نقطے سے خطوط منقوطہ
ایسے کھینچو کہ ہر حصے سے دائرہ کے گذر کے
لا ل کے خط کو ملائیں * وہ خطوط ہ ا ک ب ہ ۲ ف
ہ ۳ ط ہ ۴ بب ہ ۵ لا کے ہیں *.

س حضرت یہی نقطے کیا قوسون کے
مرکز ہیں *

ج ہان یہہ نقطے لا بب ط ف ک کے مرکز
قوسی ہیں * اب انہیں حصون کے موافق
بش ل کے خط کو تقسیم کرکے نشان ب ج بد
بدبس بش کے لکھو * بعد ہ پرکار برابر لا ہ کے
کھولکے لا کے نقطے کو مرکز کرکے قوس اق ا
کی کھینچو * پھر ایسی کشادگی سے بش

کے نقطہ کو مرکز کرکے قوس ۱۱ ق ۱۱ کی
کھینچو ۔ اسی طرح سے پرکار پب ہ کے برابر
کھول کے پب کو مرکز کرکے قوس ۲ ق ۲
کی اور اسی کشادگی سے پس کے نقطہ کو
مرکز کرکے قوس ۱۰ ق ۱۰ کو کھینچو * بعد ہ
پرکار برابر ط ہ کے کھولکے ط کے نقطہ کو مرکز
کرکے قوس ۳ ق ۳ کی اور اسی کشادگی
سے بر کے نقطے کو مرکز کرکے قوس ۹ ق ۹
کی کھینچو * پھر پرکار برابر ف ہ کے کھول
کے ف کے نقطہ کو مرکز کرکے قوس ۴ ق ۴
کی اور اسی کشادگی سے بل کے نقطہ کو مرکز کرکے قوس
۸ ق ۸ کی کھینچو بعدہ پرکار برابر ک ہ کے
کھولکے ک کے نقطہ کو مرکز کرکے قوس ۵ ق ۵
کی اور اسی کشادگی سے بج کے نقطہ کو مرکز
کرکے قوس ۷ ق ۷ کی کھینچو * یہہ قوسیں

لامحالہ ق کے نقطہ پر سے گذریںگی *

س حضرت یہہ ق کا نقطہ کیا ہی *

ج ق کا نقطہ سمت الراس ہی * اور یہہ
تمام قوسین اگر دراز کئے جاوین تو لامحالہ ہ کے
نقطہ پر سے گذرینگی * ہ کا نقطہ سمت القدم
ہی * کہ افق حیدرآباد دکھن کے دایرے کے
باہر واقع ہوا * اور یہہ قوسوں کا گذرنا ہ کے
نقطہ پر سے دلیل صحت عمل کرنےکی ہی * کہ
کہ وہ صحیح کھینچا گیا یا نہیں *

س فدوی نے امتحان کیا ہر ہر قوس ہ
کے نقطہ پر سے گذرتی ہی * اُسکی صحت اور
غلطی کا امتحان کیا ہی *

ج اب دیکھو کہ گیارہ قوسین اور ایک
خط نصف النہار کا حیدرآباد دکن کے دایرہ
افق کو جو بیس حصے غیر متساوی کئے * پس

چار چار حصے آس چوبیس حصے غیر متساوی
ہین سب برابر ہووے تو عمل صحیح اور
نہین تو غلط *

س فدوی نے نہین سمجھا کہ یہہ حصے غیر
متساوی چار چار کس طرح برابر ہونگے *

ج دیکھو بالائی ج ۵ اور د ۷ اور زیرین
د ۵ اور ج ۷ یہہ چار حصے اپنی نظیر کے چار
حصون کو برابر ہین کہ اور حصے بالائی ۴۵ اور
۸۷ اور زیرین ۸۷ اور ۴۵ ہین *

س فدوی نے سمجھا کہ دوسرے چار حصے
بالائی یعنے ۳۴ اور ۹۸ اور زیرین ۹۸ اور ۲۴
تو برابر ہین * اسی طرح سے ہر ایک حصے
اپنی نظیر کے حصہ کو برابر ہی معلوم ہوتا ہی *

ج شاباش تمنے خوب سمجھے * اگر
اس طرح سے ہر حصہ اپنی نظیر کے حصہ کو برابر

ہووے تو عمل صحیح ہی ٭

س اگر اِس مین پاو آدھی ساعت پیدا کرنا منظور ہو تو کیا عمل کرنا ٭

ج جیسا کہ ل ء ب کے ربع دایرہ کو چھہ حصے برابر کر کے ہ کے نقطے سے ہ ک اور ہ ف وغیرہ کے نقطے پیدا کئے ہین ٭ اگر آدھی ساعت کی قوسین پیدا کرنا منظور ہو ٭ تو ربع دایرۂ عمل کو بارہ حصے اور اگر پاو ساعت پیدا کیا چاہئین تو چوبیس حصے کر کے ہر حصہ پر علامت لکھنا ٭ پھر بدستور سابق ہ کے نقطہ سے اور اون علامتون پر سے خطوط لال کے خط تک پہنچانا ٭ اور اُن علامتون کو مرکز کر کے قوسین آدھی پاو ساعت کی کھینچنا پھر اس تقسیم کے موافق ل بشن کے خط کو تقسیم کر کے عمل کرنا ٭ اگر ربع ساعت

کی قوسین لکھی جاوین تو دایرہ ۹۶۰ چھیانوے
حصے پر تقسیم ہو گا ٭

س حضرت کی عنایات بےغایات سے
عمل تسطیح کرہ کا خوب سمجھا اب فدوی
رخصت ہوتا ہی اور آداب بجالاتا ہی ٭

ج خدا حافظ تمہارے والد کو ہمارا سلام
کہنا ٭ اور کالے دن چھ گھنٹے کے بعد جاہد آنا ساعت
نما کے اقسام اور ساعت نمای افقی کھینچنے
کے قاعدے بموجب تسطیح کرکے بیان کئے جائینگے ٭

٭ دوسرا بیان ساعت نما کی اقسام ٭
٭ اور ساعت نمای افق کھینچنی ٭
٭ کی بیان مین بموجب تسطیح کریکی ٭

س امیدوار ہون کہ ساعت نما کے اقسام

بیان فرمانا *

ج ساعت نما دو قسم پر ہیں ایک آفتابی *
اور دوسرا جر ثقیلی * جیسا کہ اقسام
گھر یا لون کے ہیں *

س فدوی امیدوار ہی کہ ساعت نما سے
آفتابی کا بیان فرماوین *

ج ساعت نماے آفتابی کے اقسام
بہت ہیں * اور تیار کرنا ہر ساعت نما کا
علم الساعات مین جو بہت بڑی کتاب ہی
مفصل لکھا ہوا ہی *

س حضرت اِس آلہ کو ساعت نما کہتے ہیں *
اور اِسکو دایرہ ہندیہ کس واسطے نام رکھے *

ج ہان فارسی زبان مین اسکو ساعت نما
کہتے ہیں * کہ آفتاب کی روشنی سے یہہ آلہ
ساعتین اور اُسکے اجزا دکھلاتا ہی * اور اِسکو

دایرۂ ہندیہ اسواسطے کہتے ہیں * کہ اول یہہ *
دایرہ افایم ہند سے مستخرج ہوا ہی *

س اب ساعت نما کے اقسام بیان فرمانا *

ج اول ساعت نماے اُفقی * اور دوسرا
معدلی * اور تیسرا عمودی * اور چوتھا قطبی *
اور پانچوان محا ذاتی * اور چھٹہا مائلی اور
ساتوان استوانی * اور آٹھوان دفینی * اور
نوان چاہیہ وفشغی * اور دسوان قمری * اتنے
اقسام ضروری معلومات کے لیے بس ہیں *
اگرچہ اس کثرت اقسام سے ایک قسم یعنے
ساعت نماے افقی کام مین لانے کے واسطے
بہت بہتر اور اعلی ہی * افقی ساعت نماکو
ساعت نمای اولی کہتے ہیں * پس قسم اولی
کہ سطح موازی افق پر کھینچی جاتی ہی اسیکو
ساعت نماے افقی کہتے ہیں *

س حضرت اِس بیان کو صاف فرمانا کہ فدوی نے فقط اقسام ساعت نما کے سمجھا * مگر اُسکی حقیقت کہ وہ کیسی ہوتی ہی کما حقہ معلوم نہیں ہوئی *

ج تفصیل اور حقیقت ہر ساعت نما کی اُسکے نقشے لکھنے کے بیانوں میں مفصل معلوم ہوگی * اِسجاے فقط اُنکے اقسام بیان کئے گئے * تفصیل کا بیان یہان طول کلامی ہی *

س بہت بہتر * اب اُفقی ساعت نما بموجب تصحیح کرکے کھینچنے کا عمل ارشاد فرمانا *

ج ایک کرہ کا نقشہ جیسا کہ اول بیان کیا گیا کھینچو *

س فدوی نے کرہ کا نقشہ کھینچا اور امتحان کیا نقشہ صحیح ہی * اب کیا ارشاد ہوتا ہی *

ج دیکھو دوسری شکل کو اور فرض

کہو کہ نا ستین ک ص د کی سطح افق حیدر آباد
دکھن کے موازی ہی * آب ترازو کے قاعدہ
سے تیار کی ہوئی اُس مین خط مشرق مغرب
اور خط نصف النہار پیدا کرو *

س یہہ خطوط کس طرح پیدا کرنا *

ج قطب نما سے یا ظل کے قاعدہ سے پیدا
کرتے ہین * ظل سے پیدا کرنے کا قاعدہ ساعت نما
نصب کرنے کے بیان مین سمجھا یا جائیگا *

س بہت بہتر اب یہان نصف النہار
پیدا کرنے کا قاعدہ ارشاد فرمانا *

ج یہان اب کا خط نصف النہار کا کرہ مین
موجود ہی * اُسکو دونو طرف کرہ کے دراز کرو *
اور ج د کے خط کو کرہ مین خط مشرق مغرب
ہی دونو طرف دراز کھینچو * یہہ خط خط نصف
النہار کو م کے نقطے پر بزوایاے قائمہ قطع کیا

ہی درمیان ک اور م کے مرکز کر کے ایک
دائرہ موافق خواہش کے کھینچو *
س دایرہ ن ش ک ص کا فدوی نے کھینچا
اب کیا ارشاد ہوتا ہی *
ج ش ج د ص خط مشرق مغرب کا اور
ن م ک خط نصف النہار کا ہی * اب جس
جس جاے کہ قوسین ساعتوں کے محیط سطیح
کرہ کو قطع کئے خطوط م کے نقطے سے م ۷ م ۸
م ۹ م ۱۰ م ۱۱ کے کھینچو برسے دایرہ کے محیط
تک یہہ چھہ خط ربعہ ایرہ تحتانی ش ک کے
چھہ ساعت قبل از دوپہر دکھلاوینگے * اور
م ۱۲ کا خط بارہ ساعت کہ دوپہر ہوتے ہیں
دکھلائیگا * دوسرے ربعہ ایرۂ تحتانی ک ص
پر اسیطرح عمل کرو یعنے خطوط م ۱ م ۲ م ۳
م ۴ م ۵ کے کھینچو کہ یہہ خطوط ساعتین

دوپہر کے بعد دکھلاوینگے* اور ایک دائرہ
دائرہ ن ش ک ص کے متوازی بفاصلہ
مناسب کھینچو* یہہ دائرہ بابت بج بلد کاہی
اسکامین رقوم ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ اور ۱ ۲
۳ ۴ ۵ ۶ بموجب شکل موجود کے لکھو*

س یہہ چار خط دونو طرف خط ن ا کے
کہ ۴ ۵ اور ۷ ۸ ہین کیا کام آتے ہین*

ج یہہ چار خط م کے نقطہ سے دو دو قوسین
کہ د اور ج کے اوپر محیط کرہ کو قطع کئے ہین
م ۵ م ۴ اور م ۸ م ۷ کے کھینچے گئے آنکو
خطوط فضل ساعات کہتے ہین* جن ملکونمین
کہ راتدنکی کمی زیادتی ہوتی ہی وہان کام مین
آتے ہین* حیدرآباد دکھن مین جن دنوکہ دن
بارہ ساعت سے زیادہ ہوتا ہی یہہ خطوط
فضل ساعت کے کام مین آتے ہین* کہ سایہ

مقیاس کا ان چار خطون پر موافق کمی اور زیادتی دن کے گرے گا * اور اجزاے ساعات کا بیان اُن ساعت نما کے نقشون مین کہ سطرہ وغیرہ سے تیار کئے جاتے ہیں ہوگا *

س مقیاس نیادہ کرنے اور نصب کرنے کا قاعدہ بیان فرمانا *

ج دیکھو اس طم ل کی شکل کو کہ ایک مثلث برجنی ہی * اور طم ل کا زاویہ حیدرآباد دکھن کے عرض بلد کے موافق ساترھے سترہ درجے کا ہی * اور م ط ل کا زاویہ موافق درجات تمام عرض بلد کے * اور زاویہ م ل ط کا قایمہ مگر حکماء متاخرین نے ط ل م کے زاویہ کو مقیاس کے قاعدہ کی درازی کم کرنے اور سایہ اصلی دکھلانے کے واسطے ط ف کے منحنی خط سے فصل کئے ہیں * اس مثلث کو اسطرح

نصب کرو کہ م ک کا نقطہ کہ زاویہ مثلث کا ہی
م ک کے نقطے پر کہ مرکز دایرہ کرہ کا ہی اور م ف
کا خط م ۱۲ کے خط نصف النہار پر منطبق ہووے *
پس سایہ م ط کے خط کا کہ ایک ضلع مقیاس کا
ہی ہر ہر ساعت کو اپنے وقت پر دکھائیگا *
س افقی ساعت نما کھینچنے کا قاعدہ
بموجب تسطیح کرہ کے بخوبی ذہن مین آیا * آب
فدوی رخصت ہوتا ہی * اور آداب بجا لاتا ہی *
ج خدا حافظ کہکے روز جنوبی ساعت نما کھینچنے
کا قاعدہ بموجب تسطیح کرہ کے بیان کیا جائیگا *

---

* تیسرا بیان کھینچنا جنوبی *
* ساعت نما کا تسطیح کرہ سی *

س امیدوار ہوں کہ جنوبی ساعت نما

کھینچنے کا بیان فرماوین * ۔

ج دیکھو تیسری شکل کو اور سطح اس ساعت نما کی سطح افق کے خط مشرق مغرب پر قایم استادہ ہوتی ہی * اوسکا اور اُسکا منہہ شمال کی طرف اور پشت جنوب کی طرف رکھتے ہیں * اس ساعت نما کو اسیواسطے جنوبی کہتے ہیں * اول سطح کو برابر کرکے شکل تسطیح کریکی بموجب عرض بلد حیدرآباد دکھن کے کھینچو وہ سطح اج ب د کی کر ج د اُسکا بین خط مشرق مغرب ہی اور تمام ساعت کی قوسین مشرق مغرب کے خط کو ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ اور ۱۱ ۱۰ ۹ ۸ ۷ پر قطع کئے ہیں * اب ا کے نقطے سے ایسے خط کھینچو کہ ہر خط اُسی ا کے نقطے سے اور ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ کے علامتوں سے گذر کے د ب کے قوس

کو پہنچے * وہان نشان کرو * اسیطرح ج ب کے
قوس کے حصے کرکے نشان کرو *

پس فدوی نے دوسرے طرف کے
ج ب کی قوس کو حصے کیا یعنے ا کے نقطے سے
خطوط ایسے کھینچا کر ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ کے علامتون نے
گذرکے ج ب کے قوس مذکور کو پانچ حصے کئے *
اور دونو قوسون کے حصے آپس مین بنظا ہر
برابر ہین اُن حصون پر نشان کیا * اب عمل کیا کرنا *

ج اب ایک خط س ص کا بائین کی
طرف متوازی خط مشرق مغرب کے کھینچو
اور اسیطرح ن ر کا خط اوپر کی طرف
متوازی خط مشرق مغرب کے کھینچو بعدہ تھوڑا
فاصلہ چھوڑ کے دو خط ط ء اور ک ل کے
کھینچو اب ن س اور ص ز اور ط ک اور
ل ء کو وصال کرو اس صورت مین دو ستطیان

اطراف کرنیکے پیدا ہوئے ایک آس مین سے
ن ر ص س دوسری طع ل ک ہی * بعد
سطرہ کرنیکے مرکز پر کہ م کا نقطہ ہی رکھکے
ہر ہر نشان مذکور سے ج ب اور ب د کے قوس
کے خطوط ن س اور س ض اور ص ر
کے خطون تک کھینچو کہ یہ خطوط ساعات کے
ہیش * بعد دو بستطیان کے بیچ مین اعداد
ساعتون کے لکھو *

س فدوی نے اعداد اس ترتیب سے لکھا
کہ خط نصف النہار پر ۱۲ کا عدد اور وہ ساعتین
جو دوپہر کے اول ہیش اُنپر اعداد ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱
اور جو ساعتین کہ بعد دوپہر کے ہیش اُن پر اعداد
۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ کے لکھا اب اجزای ساعت
کا کیا طریق ہی *

ج اب اگر ربع اور نصف ساعت کے

خط کھینچنا ہو تو جیسا کہ اول کہا گیا ہی عمل کرو * بعدہ
مقیاس مثلثی بطلیموس کی بموجب عرض بلد
حیدر آباد دکھن کے موافق مرقوم الصدر کے
تیار کرکے نصب کرو *

س حضرت اس شکل کی مقیاس کسطرح
نصب کرتے ہیں *

ج جسطرح نصب کرتے ہیں اس کا
بیان آگے ہوگا *

س حضرت نے اس ساعت نماین فضل
ساعت کے خطوط کیا اسواسطے نہیں کھینچے
کہ جنوبی اور شمالی ساعت نماین فضل ساعات
کا دکھانا ممکن نہیں ہی *

ج ہان اسواسطے نہیں کھینچے گئے کہ دونو
ساعت نما آپس مین ایک دوسرے کے فضل
ساعت دکھا دینگے * کہ یہہ دونو ساعت نما

مشرق مغرب کے خط پر قایم ہوتے ہیں ~~اسواسطے~~
دن بارہ ساعت تک معلوم ہوگا اور اگر دن
بارہ ساعت سے زیادہ ہو وہ زیادتی یعنے
فضل ساعت ساعت نماے شمالی کے
ساعت نماے جنوبی مین از فضل ساعت
ساعت نماے جنوبی کے ساعت نماے شمالی
مین معلوم ہوتے ہیں *

س حضرت ساعت نماے شمالی کا کیا عمل ہے *

ج ساعت نماے شمالی بعینہ مطابق
ساعت نماے جنوبی کے تیار کرنا مگر نصب
کرنے مین فرق ہے * اسطرح سے کہ جنوبی ساعت
نما کا مونہہ شمال کی طرف اور شمالی ساعت
نما کا مونہہ جنوب کی طرف اور ساعت نماے
شمالی کا نقطہء مشرقی ساعت نماے جنوبی
کا نقطہء مغربی ہے * دیکھو اس چوتھی شکل ا

س فدوی کے خوب ذہن مین آیا کہ دونو ساعت نما مین سوائے نصب کرنے کے فرق دوسرا نہین اب آداب بجالاتا ہون اور رخصت ہوتا ہون *

ج خدا حافظ *

---

* چوتھا بیان ساعت نماي *
* معدلي کھینچنے کي بیان مین *

س حضرت نے فرمایا تھا کہ ساعت نما کے اقسام مین جو ایک قسم معدلی ہی امیدوار ہون کہ آپ کے بیان سے سرفراز فرماوین *

ج بہتر ہی سنو * حقیقت اُسکی ایسی ہی کہ یہہ ساعت نما معدل النہار کے سطح پر کھینچے جاتی ہی اور معدل النہار کی سطح خط استوا کے

افق پر عمود ہی اور تمام سطوح آفاقی پر عمود نہیں اس صورت مین یہہ لازم ہوا کہ دونو طرف سے ایک زاویہ حادہ اور دوسرا منفرجہ ہووے جسطرف کہ وہ سطح مایلہ ہی زاویۂ حادہ اور دوسری طرف زاویۂ منفرجہ پیدا کریگی *

س معلوم ہوتا ہی کہ وہ سطح جسطرف مایلہ ہی زاویۂ حادہ ساڑھے بہتر درجے کا پیدا کریگی اور دوسری طرف عمود کی نسبت سے زاویہ کیا ساڑھے ستر درجے کا ہوگا *

ج ہان ایسا ہی ہی اگر وہ سطح اُس بلد کے سطح افق پر جسطرف کہ مایلہ ہی جیسا کہ اس جاے میان اُسکا جنوب کی طرف ہی زاویہ تمام عرض بلد کا پیدا کریگی اُس جاے مین وہ سطح بیشبہہ سطح معدلی ہی * اسی واسطے

اُسکو ساعت نماے معدلی کہتے ہیں ٭

س فدوی کے فہم ناقص میں ایسا آتا ہی
کہ آفتاب کی روشنی سالتمام ایک سطح پر
نہیں گریگی معلوم ہوتا ہی اسواسطے اس ساعت نما
کے دونو طرف دو سطح بنانا ضرور ہوگا کسواسطے
کہ جسطرف مایل ہی مونہہ اُسکا سمت
القدم اور دوسرا مونہہ سمت الراس ہوگا ٭

ج ہاں تمہارے اس بیان سے میں بہت
خوش ہوا خدا تمہارا ذہن اس سے زیادہ
رسا کرے سنو اُس ساعت نما کا جو مونہہ
کہ سمت القدم ہی اُسطرف کو معدلی تحتی
اور جو جانب کہ سمت الراس ہی اُسکو معدلی فوقی
کہتے ٭ بس جن دنون میں کہ میل آفتاب کا شمالی
بروج میں ہی روشنی سطح معدلی فوقی پر گریگی ٭ اور
اُن دنون میں آفتاب کا میل جنوب کی طرف

ہوتا ہی روشنی سطح معدلی تحتی پر گریگی *

س حضرت فدوی کو ایسا معلوم ہوتا ہی کہ شمال کی طرف جو بلاد کہ آباد ہیں ایام ربیع کے شروع سے صیفی کے آخر تک کہ آفتاب بروج شمالی مین رہتا ہی روشنی اُسکی سطح معدلی فوقی پر گریگی * اور ایام خریف کے شروع سے ایام آخر شتوی تک کہ آفتاب بروج جنوبی مین رہتا ہی روشنی اُسکی سطح معدلی تحتی پر گریگی * اور جن دنون مین کہ آفتاب اول حمل اور میزان کے نقطے پر رہیگا اُسکی روشنی نہ سطح معدلی فوقی پر گریگی نہ سطح معدلی تحتی پر * بلکہ ضخامت جسم ساعت نما پر گریگی * اس صورت مین اُن دنون ساعتین کس طرح اس ساعت نما سے معلوم ہونگے *

ج سچ ہی اُن دنون مین ساعتین

معلوم ہونا ناممکن ٭ یہہ ساعت نما کی کم رواجی کا
سبب یہی ہی ٭ کہ دونو سطح اُسکے سالتمام کے
دنون کی خبر نہین دیتے ٭ مگر اسکا عمل اور ترکیب
معلوم رہنے سے جمیع ساعت نما کی حقیقت
سمجھنے مین استعانت ہوتی ہی ٭

س اُسکے نقشہ کے معلومات سے سب
ساعت نما مین کسطرح استعانت ہوگی ٭

ج سب قسم کے نقشون سے واقف
ہونیکے بعد اُسکی حقیقت خاتمہ مین بیان کرینگے ٭

س بہتر ہی اسکا نقشہ کھینچنے کی ترکیب
بیان فرماوین ٭

ج دیکھو پانچوین شکل کو اور م کے نقطے
کو مرکز کرکے دایرہ کھینچو ٭ اور دو قطر متقاطع
بزوایاے قایمہ پیدا کرو ٭ کہ وہ دو قطر دایرہ
کے چار حصے متساوی کرینگے وہ حصے اب اور

ب ء اور ء ي اور ی ا کے ہیں * پس ہر
ربع قوس کو چھ چھ حصے متساوی کر کے
خطوط مستقیم مرکز سے ایسے کھینچو کہ اس
قوس کے ہر ہر حصے کو پہنچے * وہ خط م ۱ م ۲ م ۳
وغیرہ کے ہیں * یہ خطوط تمام ساعت دن کے
دکھائینگے * اسکے مرکز پر ایک مقیاس مخروطی
نصب کرو * اس طرح سے کہ مخروط کے قاعدہ کا
مرکز دایرہ کے مرکز پر منطبق ہووے اور اب
ء ي کی سطح پر عمود رہے * بعد اس سطح کو
معدلی سطح پر ایسا نصب کرنا کہ ب جنوب
کی طرف اور ب ي کا خط نصف النہار پر
ہووے * مقیاس کا سایہ ساعتین قبل از دوپہر
اور بعد از دوپہر کے دکھلائیگا * یہ استوائی
دایرہ ہی * اور م کا مرکز عالم اور سہم
مقیاس بجاے محور کرہ کے ہی * ساعات کے

خطوط کہ مرکز عالم سے کھینچے ہیں ہر ایک کا زاویہ
پندرہ درجے ہی * اور سطح استواین خطوط
ساعات کرۂ ارض کے انصاف اقطار ہین *
اگر ہر حصہ کو چار چار حصہ کرین تو روابع ساعات
معلوم ہونگی * آج اتنا بیان بس ہی *

س بہت خوب فدوی آداب بجا لاتا ہی
اور رخصت ہوتا ہی *

ج خدا حافظ کل کے دن قطبی ساعت نما کے
نقشہ کا بیان ہوگا *

---

* پانچوان بیان قطبی ساعت نما *
* کی کھینچنی کی بیان مین *

س حضرت اپنے وعدہ کے موافق قطبی
ساعت نما کھینچنے کا بیان فرما دین *

ج دیکھو چھٹی شکل کو کہ ایک سطح
ایسی ہووے کہ قطبین عالم اور نقطتین
مشرق اور مغرب پر سے اُس بلد کے گذرے *
یعنے وہ سطح افق استوائی ہووے ۞ مثلاً خط
اب خط اُفقی حیدرآباد دکھن کا * اور نقطہ م
اُس اُفق کا مرکز کہ وہ مرکز عالم ہی * اور ج ط
کا خط کرہ فلک کا محور کہ قطبین عالم اور افق
استوا کو واصل ہی * اور یہہ خط حیدرآباد
دکھن کے اُفق سے ساڑھے سترہ درجے
شمال کی طرف بلند ہی ۞ اگر ج ط کے خط کو
عرض و طول دیگر سطح فرض کریں تو نقطتین
مشرق و مغرب استوا اور قطبین عالم پر
سے گذرے گی * اس صورت مین معلوم ہوا
کہ یہہ سطح سطح افق استوائی ہی *

س ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اس ساعت

نما ے قطبی سے بھی سالتمام کے دن کا دیکھنا محال ہوگا * کہ واسطے کہ ساعت نما ے قطبی اُفق استوا پر کھنچے جاتی ہی * بس ایام ہین کہ رات دن برابر ہین ساعتین دیکھی جاینگی *

ج اِس کا کیا سبب ہی تمہین معلوم ہوا *

س اُسکا سبب معلوم نہین ہوا حضرت ارشاد فرماوین *

ج اسکا یہہ سبب ہی کہ جن دنون مین کہ دن رات سے زیادہ ہوتا ہی اُس جاے کی قوس النہار اُس ملک کے عرض بلد کے بہ نسبت ایک سو اسی درجے سے زیادہ ہوتی ہی * اس صورت مین آفتاب کی روشنی بھی ایک سو اسی درجے سے زیادہ ہوگی * وہ زیادتی اس ساعت نما کے پشت پر گریگی *

س اس سے یہہ لازم آیا کہ طلوع او

غروب کے وقت فصل ساعات کا معلوم ہونا
ساعت نمائے قطبی تحتی پر منحصر ہی * کیا ساعت
نمائے قطبی تحتی زاویۂ حادہ پیدا کریگی *

ج ہاں یاد رکھو کہ ساعت نمائے قطبی کی
سطح تحتی نہایت نود درجے کے عرض بلد مین
قایمہ ہوگی * برخلاف فوقی کے کہ زاویۂ منفرجہ
رکھتی ہی * وہ بھی نود درجے کے عرض بلد مین
قایمہ ہوگی * اور مونہہ ساعت نمائے فوقی کا
سمت الرأس اور ساعت نمائے تحتی
کا سمت القدم ہی *

س اب اس شکل کے کھینچنے کا قاعدہ
بیان فرما دین *

ج دیکھو ساتوین شکل اول کو کہ اب ج ء
ایک سطح مستطیل اور اُسکا مرکز م ہی *
ص م ف کا خط متوازی خطین متقابلین کے کھینچو *

کہ یہہ خط مشرق مغرب کا ہی * اور م مرکز سے
دو خط ن ل کے ایسے کھینچو کہ مشرق مغرب
کے خط کو قایمہ زوایا سے قطع کرین * پس لازم
ہوا کہ ا ء اور ب ج کے خطون کو ن ل کے
خط متوازی ہونگے * اور یہہ فاصلہ کہ ن ل کے
خطون بین ہی قاعدہ جسم مقیاس کا اسپر منطبق
ہوگا * اور نصف النہار بھی یہی ہی * دونو مرکزون پر
م م لکہو * اب م کے نقطے کو مرکز کر کے ربع
دایرہ نقاطی کھینچو * کہ وہ ربع دایرہ م ک ن
کا ہی * اسکو نوّے حصے متساوی کر کے پانچ نشان
کرو * بعدہ م کے مرکز سے خطوط ایسے کھینچو
کہ ہر نشان سے گذر کے ن ء کے خط کو قطع کرین *
اسیطرح دوسری طرف بھی عمل کرو *
س فدوی نے دوسری طرف بھی اول کے
موافق عمل کیا اب آگے کیا ارشاد *

ج پھر نشان سے عمود ات اب کے خط تک کھینچو ٭ کہ یہہ خطوط ساعات کے ہیں ٭ عدد ۱۲ نصف النہار کی دونو طرف لکھو ٭ اور دونو طرف موافق شکل موجود کے عدد ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ اور ۱۱ ۱۰ ۹ ۸ ۷ کے لکھو ٭ بعدہ ایک مقیاس شکل ع کے موافق جو طول آس کا ۱۲ ۱۲ کے برابر اور ارتفاع م ن کے برابر اور زخامت ن ل کے برابر ہووے تیار کر کے نصف النہار کے خط پر قائم کرو ٭ اور ساعتین اسطرح دریافت کرنا کہ مغرب کی طرف سے مقیاس تک یعنے ۶ سے ۱۲ تک علامتین قبل از دوپہر کے ساعتون کے ہیں ٭ اور ۱۲ سے ۶ تک علامتین بعد از دوپہر کے ہیں ٭ اسیطرح بارہ ساعتین معلوم ہونگے ٭ عمل کا آخر پانچوین عمود سے موقع مقیاس تک ہی ٭ اور آب سے جا سے

دریافت کرنا اول ساعت اور آخر ساعت
یعنے طلوع اور غروب کے ساعت کا معلوم ہونا
محال ہی * کسو اسطے کہ سایہ خط کا مقیاس کے
قاعدہ سے نکلتا ہی *

س میرے فہم بیچ ایسا آتا ہی کہ اول اور
آخر ساعت بیچ بسبب متوازی ہونے خطوط
شعاع آفتاب کے فص کے خط سے دیکھنا
دونو ساعت طلوع اور غروب کا محال ہی *

ج ہان ایسا ہی ہی * اور اس ساعت کے
پشت پر وہ سطح کہ متوازی اس ساعت
کے ہووے فضل ساعات یعنے زیادتی دن کی
چھہ ساعت سے زیادہ دریافت کرسکتے ہین *

س مجھے یاد ہی حضرت نے اول فرماے تھے *
کہ زیادتی کے دنون بیچ قوس النہار ایک سو
اسی درجے ہے کہ اس ساعت نما کی بنا ہی

زیادہ ہوتی ہی * پس لازم ہوا کہ زیادتی
درجات قوس مذکور * یعنے فضل ساعت دونکے
برابر اس ساعت کے پشت پر ہی * کہ اسکو
ساعت تحتی کہتے ہیں * اور سونہہ اُسکا سمت
القدم ہی * حضرت یہہ ساعت نماے قطبی
ناقص معلوم ہوتا ہی *

ج سابق کی سب کتابون مین اس ساعت
نما کا قاعدہ اتنا ہی لکھا ہوا ہی * ہم تمھارے واسطے
ایک نیا قاعدہ تجویز کیے ہیں * دیکھو اس ساتوین
شکل دوم کو * کہ شکل ہندسی بموجب قاعدۂ
مذکور الصدر کے کھینچی ہوئی ہی * اور ساتوین
شکل سوم اس ہندسی کی دور نمائی ہی اب
ج د کی مقیاس ہی * اُس مین ع کا سوراخ کیا
ہوا دیکھو اُس ع کے سوراخ مین جو بارہ ساعت
کا سایہ اِس ساعت نما مین دیکھنا محال تھا سو ظاہر ہوا *

س یہہ قاعدہ حضرت نے خوب فرمائے *
واقعی بارہ ساعت کا سایہ بالکل نہین معلوم
ہوتا تھا * اب بخوبی ظاہر ہوا * اور لطف یہہ ہی
کہ تین جاے پر معلوم ہوتا ہی * اب پانچوین
اور ساتوین ساعت کے اجزا اور چھٹھی
ساعت معلوم کرنے کا قاعدہ ارشاد فرمانا *

ج اسکے دونو کنارہ پر بابت بیچ بد اور
جا جب جیج جد کے دو تختیان نصب کرو *
پانچوین اور ساتوین ساعت کے اجزا اور
چھٹھی ساعت اِن دو تختیون پر معلوم ہونگے *

س فضل ساعت معلوم ہونیکے واسطے
کوئی قاعدہ ارشاد فرمانا *

ج جا جب جیج جد کی تختی پر ایک مقیاس
م ق کی نصب کرو * اس کا سایہ فضل ساعت
دکھائیگا * اسی طرح بابت بیچ بد کی تختی پر

بھی مقیاس نصب کرو *

س اس شکل مین دوسری طرف کی مقیاس کہان ہی *

ج یہہ شکل دوربنمائی تمھارے روبرو اسطرح دھری ہوئی ہی * کہ دوسری طرف مقیاس تمھین نظر نہین آتی * تمھین اسکے نظر آنیکے واسطے دوسری طرف سے شکل دورنمای کھینچا * دیکھو ساتوین شکل چہارم کو ہورن کی مقیاس دکھتی ہی *

س حضرت اس ساتوین شکل سوم مین جا جب جہ جد کی تختی پر جو م ق کی مقیاس نظر آتی تھی ساتوین شکل چہارم مین اسکے خلاف کہی طرف کی مقیاس دکھاتی ہی * یہہ دورنمائی شکلاین کھینچنے کا قاعدہ ارشاد فرمانا *

ج اسکی کھینچنے کا قاعدہ سوا اسے تحصیل

علم دوربما کے حاصل نہین ہوتا * اگر تمہین شوق ہو تو رفیع البصر تالیف نواب عمدۃ الملک بہادر کی پڑھو * سب دوربمائی شکلین کہینچنے کے قاعدے معلوم ہونگے * اس رسالہ مین اُسکا بیان نہین ہوسکتا * یہہ اشکال فقط تمہارے سمجھانے کے واسطے لکھے گئے * اور کئی طرحسے دوربمائی نقشے کہینچ سکتے ہین * اس ساعت نما کا عمل تمام ہوا * اور سب قسم کی ساعت نما کا عمل کرکرہ سے استخراج کئے ہین بیان ہوا * یہہ بھی ساعت نما سمجھنے سے آیندہ فائدہ ہی * اسواسطے اول ہی بیان کیا *

س حضرت ان ساعت نماے مذکورہ کے نقشون مین کیا کرے کا نقشہ کہینچنا ضرور ہی *

ج نہین یہہ اشکال بموجب تسطیح کرہ کے اسواسطے بیان کئے گئے تا تمہین معلوم ہووے کہ ساعت نما کا استخراج کرہ سے اسطرح ہوا ہی *

اسکے سوا اسے کئی قاعدے ساعت نما کے نقشے کہینچنے کے ہین* انشاءالله تعالے کان کے دن سے وہ قاعدے بیان کئے جاینگے *

س فدوی اب رخصت ہوتا ہی اور آداب بجالاتا ہی *

ج خداحافظ *

---

* دوسرا مقالہ ساعت نماي افقی *
* کا نقشہ کہینچنے کی بیان مین *
* عمل مسطرہ اور عمل ہندسی *
* سي * اوراسکي نصب کرنی کا بیان *
* اوردفنینی وغیرہ ساعت نماکي *
* نقشي کہینچنی کی بیان مین *

---

* پہلا بیان مسطرہ کا عمل اورساعت *

* نما کا نقشہ کھینچنے کی بیان مین مسطرہ کی عمل سی *

س حضرت ساعت نما کا نقشہ مسطرہ کے عمل سے کس طرح کھینچتے ہیں *

ج تمہین مسطرہ کے عمل معلوم ہیں *

س فدوی کو معلوم نہیں ہیں * حضرت بیان فرما دین *

ج مسطرہ کی کما حقہ معرفت مسطرہ مقسمہ اور قطاع کا رسالہ پڑھنے سے ہوگی * کہ مسطرۂ مقسمہ جو بی و عاجی و برنجی وغیرہ کا ہوتا ہی * اُس پر اقسام کے خطوط مانند دوائر وتری اور خط اُتار اور خط عرض بلاد اور خط ساعات وغیرہ کندہ ہوتے ہیں * اسیجاے اُسکا بیان طول کلامی ہی * مگر جو خطوط کہ ساعت نما کے

تیاری کیواسطے جو فرنگستانی سطرہٴ مقسمہ پر کے حزو رہین * اُس کا بیان کرتا ہون * دیکھو یہہ آٹھوین شکل کو زبان انگریزی مین عرض بلد کو لاتی ٹیوڈ کہتے ہین * اور جاے سطرہ مین کم ہونے کے سبب فقط اُسکے اشارہ کے واسطے حروف یل ۔ اِے ۔ ٹی یعنے ۔ لام ۔ الف ۔ تے ۔ خط انگریزی سے اسطرح لکھتے ہین LAT اور ساعات کو ھَوَرْ کہتے ہین * اُسکے اشارکے واسطے یچہ ۔ او ۔ یو ۔ کے یعنے یچہ ۔ بجاے ہاے ہوز کے * او ۔ بجاے زیزکے اور یو ۔ بجاے واوکے ہین * خط انگریزی سے اسطرح لکھتے ہین HOU اسی پر بھی سطرہ مین دیکھو اور بتاؤ وہ خطوط کونسے ہین ۔ *

س حضرت کیا یہہ خط لاٹی ٹیوڈ کا یعنے عرض بلد اور یہہ خط ھَوَرْ کا یعنے ساعات کا ہی *

ج ۔ ان یہہ دو نو خط کا یاد رکھنا ساعت نما بنانیکے واسطے کافی ہی *

س ۔ یہہ خط فدوی یاد رکھیگا * اگر ان خطوط کا سطرہ موجود نہو تو کیا کرنا *

ج ۔ یہہ خطوط ۔ کا لینے کا قاعدہ سب اعمال ساعت نما کے تیار کرنے اور نصب کرنے کے یاد ہونے کے بعد بیان کئے جائینگے *

س ۔ حضرت کی عنایات سے اِن خطوط کے استخراج کا قاعدہ اگر معلوم ہووے تو احتیاج اس آلہ کی نہیں رہیگی * اب ساعت نماے اُفقی کھینچنے کا قاعدہ بیان فرماوین *

ج ۔ یہہ نوین شکل ایک ساعت نماے اُفقی کی ہی ۱۰ اسکے کھینچنے کا یہہ قاعدہ ہی * کہ اول دو خط متوازی نصف النہار کے فاصلۂ مناسب چھوڑکے کھینچو کہ قاعدہ جسم مقیاس کا اُن

دونو خطون پر منطبق ہوگا * وہ دونو خط ایک آب اور دوسرا ج د کا ہی اور ر ز کا خط خط مشرق مغرب ہی * کہ زوایاے قایمہ سے نصف النہار کے خطون کو س ب اور ص کے نقطون پر قطع کیا * بعدہ عرض بلد کا خط کہ سطرہ پر ہی برابر ساڑھے سترہ درجے کے پرکار رکھو * اور ایک پانوٗن ص کے نقطے پر رکھکے ص ر کے خط پر کہ خط مشرق مغرب ہی ف کا نشان کرو *

س ب برابر ساڑھے سترہ درجے کے ف کا نشان اسواسطے کیٔے کہ حیدرآباد دکھن کا عرض بلد ہی * اس مین ساعت کے خطوط کس طرح نکالنا *

ج پچھہ ساعات کے سالم خط کے برابر کہ سطرہ پر ہی * پرکار رکھو لیکے ایک پانوٗن

ف کے نقطہ پر رکھکے دوسرے پانوں سے
ج د کے خط نصف النہار پر نشان ع کا کرو *
س حضرت معلوم ہوا کہ چھہ ساعات کی
تقسیم غیر متساوی کس طرح پر موجود ہی *
اسی تقسیم کے برابر ع ف کے خط کی تقسیم
کرنا * فدوی نے اسکی تقسیم اسی کی کہ اول
پرکار برابر اول ساعت کے کہولکر ایک پانون
ع کے نقطے پر رکھکے دوسرے پانوں سے
ع ف کے خط پر نشان آ کا بعدہ دوسری
ساعت کے برابر پرکار کہولکے ایک پانون
آ کے نقطے پر رکھکے دوسرے پانون سے
ع ف کے خط ساعت پر نشان ٢ کا اسطرح
سے تیسری اور چوتھی اور پانچوین ساعت
کے برابر نشان ٣ ٤ ٥ کے کیا * اور چھٹی ساعت
کا خط وہی خط مشرق مغرب ہی * یہہ ٥ ف کا

خط چھٹی ساعت کے حصے کے برابر ہی * اسکے
بعد کیا عمل کرنا*

ج ج د اور اب کے دو خطوط متوازی کو
نصف کرکے نشان وہ کے لکھو. بعدہ ہ کو
مرکز کرو اور پرکار ہ ج کے برابر کھول کے
نصف دایرہ ج م د کا کھینچو * اس نصف
دایرے کے اندر ایک اور نصف دایرہ
مناسب فاصلہ سے کھینچو * اسطرح و کے نقطے
کو مرکز کرکے دو نصف دایرہ متوازی کھینچو *
میں یہہ چار نصف دایرے دونو طرف
کھینچکے ص کے نقطے سے خطوط مستقیمہ
اسطرح کھینچنا کہ ہر نشان ساعت پرسے کہ
١ ٢ ٣ ٤ ٥ ہیں گذر کے باہر کے نصف دایرے
کے محیط تک پہنچے * وہاں موافق شکل موجود کے
اعداد ١ ٢ ٣ ٤ ٥ ٦ کے لکھا * اب دوسری

طرف کے نصف دایرہ ب ل ا پر عمل کرنا ہون*
اسطرح کہ اول پرکار برابر ١٢ ا کے کہولکے
نشان ١٢ ١١ کا اور ١ ٢ کے برابر کہول کے
نشان ١١ ١٠ کا اسیطرح ہر ہر ساعت کے
برابر ١٠ ٩ ٩ ٨ ٨ ٧ کا کرکیس کے نقطے سے خطوط
مستقیمہ س ١١ اور س ١٠ س ٩ س ٨ س ٧
کے کہینچاہ اور خط مشرق مغرب پر حد و ٦ ٦ اور
نصف النہار کے خط پر حدو ١٢ کا لکہا *فصل ساعات
کے واسطے کیا عمل کرنا*

ج ر ب کی قوس بین خط چھہ ساعات
کے قبل از دوپہر کے اور ر د کی قوس بین
خط چھہ ساعات کے بعد از دوپہر کے دکہاینگے*
جن بلاد مین کہ رات دن برابر ہین وہان بہی
بارہ ساعتین کافی ہیں* اور جن عرض بلاد مین
کہ کمی اور زیادتی رات دن کی ہووے وہان

خطوط فضاں ساعت کے درکار ہوتے ہیں *
حیدرآباد دکھن کی آبادیوں میں فضاں ساعت
ایک ہی کافی ہی * بلکہ کسری کم میں کام نکلتا
ہی * اور لندن کے ملکوں میں دو فضاں ساعات
چاہیے * فضاں ساعت کے خطوط کا عمل اسطرح
کرو * کہ ص کے نقطے کو مرکز کرکے خواہش کے
موافق نصف دایرہ عان دا کا کھینچو عان کی
قوس ہ ۴ کے خطوط ساعات کو ء اور لا
کے نقطوں پر قطع کی ہی * ن با کی قوس کو
ن ء کے برابر اور ء لا کے برابر یا جا کے
نشان کرکے ص کے نقطے سے دو خط ص با
اور ص جا کے ج ر کی قوس تک کھینچکر
اعداد ہ ۴ کے لکھو *

س حضرت فدوی نے دوسری طرف
ره کے برابر ره اور ۴۵ کے برابر ۴۵ جدا

کر کے ھ س کے نقطے سے خطوط س ہ س ھ
سے کھینچا یہہ خط کیا ہین *

ج یہہ خطوط فضل ساعت کے ہین * جس
ایام مین کہ دن رات سے زیادہ ہوتا ہی خطوط
فضل ساعت کے کام مین آتے ہین اجزاے
ساعت کے واسطے کرہ سطرہ پر موجود
ہین عمل کرو *

س بہت خوب ہر ہر ساعت کے جز
سطرہ پر سے لیکے ف ع کے خط ساعت پر
نشان کیا * وہ چھوٹے خطوط کہ دو دایرہ متوازی
کے بیچ مین موافق شکل موجود کے ہین ص
کے نقطے سے ایسے کھینچا کہ ہر ہر نشان اجزاے
ساعت سے خط ف ع کے گذرے * انہین
اجزا کے برابر دوسری طرف بھی عمل کیا
اور اجزاے فضل ساعت کے واسطے

ن لا کی قوس جو اجزاے ساعت کے واسطے
تقسیم ہوئی ہی * موافق اُسکے ن جا کی
قوس کو تقسیم کرکے ص کے نقطہ سے رج
کی قوس تک چھوٹے خطوط دو دایرۂ متوازی
کے بیچ مین کھینچا * اور اُسکے برابر دوسری
طرف بھی عمل کیا گیا * یہہ شکل صحیح ہی *

ج ہان یہہ شکل بہت صحیح کھینچے * اب
نوین شکل دوم کے موافق مقیاس اسطرح
سے تیار کرو کہ ک ی طول مقیاس کا برابر
خط ص ع کے کہ خط نصف النہار ہی * اور
ک کے نقطے پر زاویہ ی ک ط کا برابر عرض
بلد کے کہ ساڑھے سترہ درجے ہی * تیار کرو *
اور ی کے نقطے سے عمود ک ط کے خط تک
کھینچو * کہ مثلثی مقیاس ی ک ط کی تیار ہوئی
تمام سابق صورت مقیاس کی بہی مقرر رکھے ہیں *

مگر حکماکی حال برابر یا کم زیادہ یط کے یق
جدا کرکے ط کے نقطے سے خط منحنی یا خط مستقیم
مانند شکل موجود کے ق کے نقطے تک کھینچکر
طق یق کی مثلث کو قطع کرو التے ہین ٭ اور یہہ
مقیاس بر بھی ایسی تیار کرنا کہ ضخامت اُسکی
برابر قاعدہ دو خط متوازی نصف النہار کے
ہووے ٭ کق کے ضلع پر دو چھوٹے میخین
مج کے نصب کرکے نصف النہار کے خط پر
نصب کرو ٭ اسطرح سے کہ ضلع کق کا نصف
النہار کے خط پر اور ک کا زاویہ ص کے نقطے پر
منطبق ہووے ٭ اس صورت مین مقیاس
نصف النہار کے خط پر قایم ہو گی ٭ اور کط
کا خط کہ مثلث کا وتر ہی ٭ دراز کرو تو شمالی
قطب پر پہنچیگا ٭ اور اس کا خلاف قطب
جنوبی ہی ٭ اور سیدھی طرف اُسکی مشرق

اور بائین طرف مغرب ہی * اسطرح جسقدر چاہئین تیار کرو *

س حضرت کی عنایت سے فدوی سنے ساعت نماے اُفقی تیار کرنے کا عمل خوب سمجھا * اب آداب بجالاتا ہی * اور رخصت ہوتا ہی *

ج خدا حافظ *

---

* دوسرا بیان ہندسی عمل سی *
* ساعت نما تیار کرنی کی بیانمین *

س اُمیدوار ہون کہ ساعت نماے ہندسی کے نقشے کھینچنے کا عمل بیان فرماوین *

ج دیکھو دسوین شکل اول کو * دو خط متوازی اب اور دج کے کھینچو * بعد دو خط

مشرق مغرب جیسا کہ اول کے بیان مین گذر ا پیدا کرو *

س فدوی نے خط مشرق مغرب کا اسطرح پیدا کیا کہ خطین نصف النہار س اور ص کے نقطون پر قایمہ زاویون سے قطع ہوے * اب کیا عمل کرنا *

ج ص کے نقطے کو مرکز کر کے مناسب کشادگی سے نصف دایرہ ق ع ک کا کھینچو * بعد ہ ع ق کے تحتانی ربع دایرہ کو چھہ حصے متساوی کر کے اُن تقسیم کے نقطون سے خطوط تقسیم متوازی ص ع کے کھینچو * وہ خطوط ١١ ٢٢ ٣٣ ٤٤ ٥٥ کے ہیئن * بعدہ ص کے نقطے سے زاویہ ک ص ط کا موافق عرض بلد مطلوب کے کہ یہان ساڑھے ستره درجے ہی * تیار کرو * اور ط کے نقطے سے خط متوازی

ص ع کے کھینچو ٭ کہ وہ خط طن کا ہی ٭ یہہ
زاویہ طصن کا موافق عرض بلد کے تیار ہوا ٭
بعدہ پرکار برابر ۱۱ کے کھولکے ص ط کے خط
پر ایک پانوٗن ص کے نقطے پر رکھکے نشان
عص کا ٭ بعد پرکار برابر ۲۲ کے کھول کے ایک
پانوٗن ص کے نقطے پر رکھکے نشان ص عکا
کا ٭ اسیطرح ۳۳ کے برابر نشان ص ے کا ٭
اور ۴۴ کے برابر نشان ص للعہ کا ٭ اور ۰۰ کے
برابر نشان ص حہ کا کرو ٭ اِن عص عکا ے للعہ حہ کے
نقطون سے ص ع کے متوازی خطوط ص ن
کے خط تک کھینچو ٭

س فدوی نے یہہ خطوط ص ع کے
متوازی کھینچکر دوسری طرف بھی نشان
عص اور عکا اور ے اور للعہ اور حہ کے کیا ٭
مگر معلوم نہین ہوا کہ یہہ خطوط کسواسطے کھینچے ٭

ج یہی خطوط ساعات کے حصون کے ہیں*

اب پرکار برابر عص عم کے کھولکے ١١ کے خط سے
ان کا خط جدا کرو* اسیطرح عق عق کے برابر
٢٢ کے خط ٢ ش اور بے بے کے برابر ٣٣
کے خط سے ٣ م اور لعہ لعہ اور حمہ حمہ کے برابر
خطوط ٤٤ اور ٥٥ سے ٤ ي اور ٥ ء علیحدہ کرو*

س اب فہم مین آیا کہ ر اور ش اور م
اور ی اور ء یہہ نشان مرور خطوط ساعت
کے ہیں* اب فدوی عمل کرتا ہی* اسطرح
کہ اول ج د کے خط نصف النہار کو جا کے
نقطے پر نصف کرکے نصف دایرہ ج ٦ د کا کھینچا*
اور اُسکے متوازی ایک نصف دایرہ اندر کی طرف
مناسب فاصلہ سے کھینچا* بعد ص کے نقطے
سے خطوط ساعات ص ر اور ص ش اور
ص م اور ص ي اور ص ء کے ایسے کھینچا

کر ۶ د کی قوس تک پہنچے * دونو قوسون کے بیچ بین اعداد ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ کے لکھا * اب آگے کیا عمل کرنا *

ج شاد باش تمنے خوب سمجھکے عمل کیئے * اب باقی چھ ساعتون کے واسطے دوسری طرف عمل کرو *

س بہت خوب اب کے خط کو ب کے نقطے پر نصف کرکے ۱ ۶ ب کا نصف دایرہ کھینچا * اور اسکے متوازی ایک نصف دایرہ اندر کی طرف برابر فاصلہ سابق کے کھینچا * اور ۱ ۱۲ کے برابر ۱۲ ۱۱ اور ۱ ۲ کے برابر ۱۱ ۱۰ اور ۲ ۳ کے برابر ۱۰ ۹ اور ۳ ۴ کے برابر ۹ ۸ اور ۴ ۵ کے برابر ۸ ۷ کرکے خطوط س کے نقطے سے س ۱۱ س ۱۰ س ۹ س ۸ س ۷ کے کھینچے خط نصف النہار

پہر عدد ۱۲ کا اور ہر ساعت کے خطوط پر اعداد ۱۱ ۱۰ ۹ ۸ ۷ ۶ کے لکہا * کہ یہہ ساعتین قبل از دوپہر کے ہیں * اور فضل ساعت کے واسطے جیسا کہ حضرت نے اول کی شکل مین بیان فرمائے تھے عمل کیا * اسطرح کہ ع ف کے قوس کے برابر غ سح اور ع بر کے برابر ع حح جدا کر کے ص کے نقطے سے ص سح ٥ اور ص جسح ۴ کہینچا * بعدہ موافق بیان سابق کے س ٥ س ۴ کہینچا * اجزاے ساعت کے واسطے کیا عمل کرنا *

ج ق ع کے ربعدایرۂ تحتانی کے ہر حصہ کو دو دو یا چار چار وغیرہ حصے کر کے عمل کرو *

س فدوی نے موافق مذکور الصدر کے بجاے عمل نصف ساعت کا کیا ٥ اسطرح سے کہ ع ق کے ربعدایرہ کے ہر حصہ کو دو دو

حصے کر کے خط ع ص کے متوازی خطوط کھینچا *
بعدہ اِن خطوں کے برابر ک ص ط کی مثلث
کو بدستور سابق تقسیم کر کے ۱ ۱ ۲ ۲ ۳ ۳
۴ ۴ ۵ ۵ کے خطوط کو حصے کر کے نشان سا لا
فا کا طا فل کے کیا * بعدہ ص کے نقطے سے
خطوط مستقیمہ ایسے کھینچا کہ ہر نشان سے
گذرے * یہہ چھوٹے خطوط جو ما بین ~~دو نصف~~ لا
ما بین دو نصف دایرہ کے ہیں * کیا نصف
ساعت بتاینگے *

ج ہان یہی خطوط نصف ساعت کے
ہیں * اور ربع ساعت وغیرہ منظور ہو تو
ایسا ہی عمل کرنا * اب مقیاس بموجب بیان
اول کے نصب کرو * اور یاد رکھو کہ یہہ دونو
دایروں کو دایرۂ ساعت نماے آفقی کہتے
ہیں * اسواسطے کہ اس کا عمل سطح موازی

اُفق پر کیا جاتا ہی ٭ ٭

س حضرت فدوی آداب بجالاتا ہی اور رخصت ہوتا ہی ٭

ج خدا حافظ یہہ نقشےکا مشق بہت کرو تا عمل صحیح ہووے ٭

٭ تیسرا بیان آسان طریق ہندسی ٭
٭ عمل سی ساعت نمای افقی کا ٭
٭ نقشہ کھینچنی کی بیان مین ٭

س فدوی نے بموجب ارشاد کے ساعت نماے اُفقی کے نقشے کا مشق ہندسی عمل سے کیا ٭ حضرت یہہ عمل بہت وقت میں ہوتا ہی ٭ اکثر اس مین سہو و خطاے بشری کا ہونا لازم ہی ٭ کوئی آسان طریق ہندسی عمل

سے بیان فرماوین *

ج پھر ہم تمھین آسان طریق سے عمل ہندسی بتاتے ہین * دیکھو اس دسوین شکل دوم کو * اول دو خط متوازی نصف النہار کے کھینچو * وہ خط ا ب اور ط ب کے ہین * ا ب ا کے خط پر آ کا نقطہ بموجب خواہش کے فرض کرو * بعدہ زاویہ ا ب ا د کا برابر عرض بلد کے تیار کرو * یہان ساڑھے سترہ درجے کا زاویہ تیار کیا ہوا ہی * بعدہ ا د کے خط پر د کا نقطہ مقرر کرکے خط د س کا کہ ا ب ا کے خط پر عمود ہووے کھینچو * پھر زاویہ س د ي کا برابر عرض بلد کے تیار کرو * یا ا د کے خط پر عمود د ی کا ا ب ا کے خط تک کھینچو * بعدہ ي ب کا خط ي د کے برابر ا ب ا کے خط سے علیحدہ کرو * اور ب کے نقطہ کو مرکز کرکے تب بعد دائرہ ي ف کا

کھینچکر خط مماس ھ ي بي ج کا موازی خط
س د کے کھینچکر اور اُس ربعدایرہ کے
چھہ حصے متساوی کر کے ب کے نقطے سے خطوط
ھ ی کے خط تک اسطرح کھینچو کہ ربعدایرۂ
مذکور کے حصون پر سے گزر کے ھ ي کے
خط پر نقاط با بب بج بد ھ کے پیدا ہو وین *
س حضرت فدوی کو معلوم ہوا کہ یہہ نقاط
مرور خطوط ساعت کے ہیئن * اب فدوی عمل
کرتا ہی * اسطرح سے کہ دونو خط نصف النہار
کو نصف کر کے بدستور دو دو نصف دایرہ
متوازی دو طرف کھینچکر آ کے نقطے سے خط
اھ ٧ اور ا بد ٨ اور ابج ٩ اور ابب ١٠ اور
ابا ١١ کے کھینچا * بعدہ دوسری طرف بی ج
کے خط کے حصے برابر ي با اور با بب بج
وغیرہ کے بین عیس بص بط ج کر کے ط کے

نقطے سے خطوط ط ء ا ط ب س ۲ وغیرہ کے کھینچا * اور فضاں ساعت کے واسطے ٦ ا ۷ کی تحتی زاویہ کے برابر ٦ ا ۷ کا زاویہ بالائی اور ٦ ط ہ کے زاویۂ تحتی کے برابر ٦ ط ہ کا زاویۂ بالائی بنا کے ط ہ اور ا ۷ خط بالائی کھینچا * حضرت یہہ قاعدہ بہت آسان ہی * اور اس سے بہت صحیح شکل کھینچی جاتی ہی *

ج ان اول کے قاعدہ سے یہہ قاعدہ بہت آسان ہی * اسی طرح سے ساعت نما ے شمالی اور جنوبی کا بھی عمل کرتے ہیں * جیسا کہ اس میں د اس اور ي دس کا زاویہ برابر عرض بلد کے یعنے ساڑھے ستر درجے کا تیار کئے ہیں * شمالی جنوبی ساعت نما کے واسطے یہہ دونو زاویے برابر تمام عرض بلد یعنے ساڑھے بہتر درجے کے تیار کرنا * جب تمہیں

ساعت نماے شمالی اور جنوبی کی کیفیت معلوم ہوگی اس قاعدہ سے کھینچنا از خود سمجھوگے * حاجت بیان کی نہیں ہی *

س حضرت اس شکل مین چوتھی ساعت کے اجزا کرنا منظور ہو تو وقت ہی * اس کے نقطے کیا دور دکھاینگے *

ج ان اس کے اجزا کے واسطے یہہ قاعدہ بموجب چوتھی شکل قصاں دوم مقالۂ دوم رفیع البصر کے آسان ہی * دیکھو اس دسوین شکل سوم کو اول جا ا ء کا زاویہ بموجب شکل مذکور کے کھینچکر جا ء کے برابر جا س ۱۲۱ کے خط سے عاجزہ کرکے س ف کا عمود کھینچکر اور پرکار س جا کے برابر کھولکے س کو مرکز کرکے ربعدایرہ جا ف کا کھینچو * اور اس ربعدایرے کے چھ حصے

متساوی کرکے س ھ س بل س لح س بب
س با کے خطوط موافق بیان مذکورالصدر کے
مع دو دو یا چار چار اجزا کے کھینچکر خطوط
ساعات کھینچو * اور چھٹھی ساعت کے اجزا
کے واسطے ج ف کی قوس کو موافق اُنھین
اجزا کے دو یا چار جز کرکے س ب کے مرکز سے
خطوط دراز کھینچو * کہ اُنھین اجزاے قوس
ف ج سے گذر رہین بعدہ جا ھ کا خط ھ کی
طرف دراز کرو کہ وہ جا ن ہی * بعدہ س ف
کا خط ف کی طرف دراز کرو * اور فا کا نقطہ
جا ن کے خط پر بموجب منظور مقرر کرکے فا ۱۹
کا خط متوازی اجا کے ٦١ کے خط تک کھینچو
س ف کا خط دراز کیا ہوا بس کے نقطے بین
قطع ہوگا * بعدہ جا ن کے خط پر د کا نقطہ
بموجب خواہش کے فرض کرکے د ۱۹ اور د

د بس کا خط کہینچو کہ یہہ خط س جد کے دٹے کو
کہ چوتھے جزئت چھتے حصے ربعدایرہ پر سے گزرا
ہی ۱۷ کے نقطہ پر قطع کیا اس نقطہ سے
خط ۱۷ ہ ۱ کا متوازی فا ۱۹ کے کہینچو * پس
۹ ا د کا خط ۱۰ کے نقطہ پر قطع ہوا ۱ ہ ۱ کا خط
محیط دایرہ تک کہینچو یہہ خط ۷۶ کے حصہ ساعت
کو لا کے نقطہ پر بہ نسبت ربع ساعت
کے قطع کیا * اب الا اور جان کے خط دراز
کرو کہ یہہ دونو ن کے نقطہ پر آپس مین ملینگے *
اس صورت مین س ۱۷ کا خط دراز کیا جاوے
تو آسی ن کے نقطہ کو پہنچے گا *

س حضرت یہہ قاعدہ نادر ہی * باقی
جزونکے واسطے کیا عمل کرنا *

ج یہہ قاعدہ اس جا سے کام آتا ہی * کہ
نقطہ بہت دور ہووے * باقی نقطے قریب

پیدا ہوئے ہیں * جیسا کہ ک کا نقطہ نصف ساعت کا ہے * اک کا خط کھینچو * اور اسیطرح سا کا نقطہ تین ربع ساعت کا ہے * اسای وصل کرو * اور ایسا ہی باقی اجزا سے ساعت کا عمل کرو *

---

* چوتھا بیان ساعت نماے افقی نصب *
* کرنے کے بیان میں ظل کے قاعدہ سے *

س ساعت نماے اُفقی کو نصب کرنا حضرت سے اول فرماتے تھے کہ ظل کے قاعدہ سے نصب کرتے ہیں * اُمیدوار ہوں کہ وہ قاعدہ ارشاد فرماوین *

ج آج میرا بھی یہی ارادہ تھا کہ ساعت نماے اُفقی کے نصب کرنے کا بیان کرون *

دیکھو گیارھوین شکل کو کہ ایک سطح برابر آب ترازو کی ہوئی بہت صاف ہی * اس سطح پر ایک جاے بیچ مین مرکز مقرر کر کے تین چار دایرہ کا ان مناسب فاصلہ سے متحد المرکز بہت باریک کھینچو * بعد ہ ایک مخروط چوبی یا برنجی چرخ پر صحیح بنائی ہوئی کہ ارتفاع اُسکا قریب دو ضعف کے ہووے اور اُسکے قاعدے کا دایرہ ارتفاع کے مناسب ہووے مرکز مقرری پر نصب کرو * کہ قاعدہ مخروط کا مرکز دایرے کے مرکز پر برابر اور مخروط عمود ہووے *

س مخروط کا مرکز دایرہ کے مرکز پر منطبق کرنا مشکل معلوم ہوتا ہی * اور یہہ مخروط کو عمود قایم کرنا کس طرح ہوگا *

ج مخروط عمود ہی یا نہین دریافت کرنے کے واسطے یہہ قاعدہ ہی * شکل مذکور مین

اب سطح موازی افق ہی * اور م مرکز
چارون دایرون کا کروہ دایرے ج د اور
رس اور ش ط اور اب کے ہین * اور م ن
مخروط م کے مرکز پر قایمہ ہی * اس مخروط
کے عمود ہونے کا امتحان اسطرح کرو * کہ ایک
پاٗون پرکار کا کسی دایرے کے محیط پر رکھو *
اور دوسرا پاٗون رأس مخروط پر پہونچاؤ
اور بعد پرکار کو اسی کشادگی سے ایک
پاٗون دوسری جاے اسی محیط پر رکھکے
دوسرے پاٗون کو راس مخروط پر پہونچاؤ *
اسیطرح دس بارہ جاے سے امتحان
کرکے دیکھو *

س حضرت فدوی نے دیکھا بہت مشکل
سے مخروط عمود ہوتی ہی * کوئی اور طریق
فرماوین

ج ہم تمہین بہت آسان قاعدہ بتاتے ہیں * اول مرکز مخروط کو کسی ایک نقطے پر نصب کرو * اور اسکے راس کو آدھے جو کے برابر تراشو کہ سطح دایرہ پیدا ہووے * اب پرکار بحسب خواہش کھولکے ایک پاؤن راس مخروط پر رکھو اور دوسرا پاؤن پرکار کا جو دوار ہونے تین چار دایرہ بمناسب فاصلہ سے باریک تر کھینچو *

س یہہ قاعدہ بہت آسان ہی * چار دایرے متوازی راس مخروط کو مرکز کرکے کھینچا * اور یہہ عمل کونسے دنون مین خوب ہوتا ہی *

ج یاد رکھو کہ یہہ عمل ان دونون مین کہ آفتاب جدی یا سرطان ہووے خوب ہوتا ہی *
اب قبل از زوال کے دیکھو کہ کونسے وقت

سایہ رأس مخروط کا دایرۂ اول کو کس نقطے پر پہنچتا ہی * اُس جاے نشان کرو *

س حضرت فدوی تھورے وقت غافل رہا سایہ مخروط کا دایرۂ اول سے گذر گیا اب کیا کرنا *

ج کیا مضایقہ یہہ چار دایرے اسی واسطے کھینچے ہین * اگر بہ سبب غفلت لڑکا یا ابر کے سایہ مخروط کا پہلے دایرہ پر معلوم نہ ہووے تو دوسرے یا تیسرے یا چوتھے پر معلوم ہوگا * اب دیکھتے رہو غافل مت بیٹھو *

س فدوی دیکھتا رہتا ہی * حضرت مخروط کا سایہ دوسرے دایرے پر و کے نقطے کو پہنچا نشان کیا *

ج بعد از دوپہر کے سایہ رأس مخروط کا اُسی دایرے پر دوسری طرف کس جاے

پہنچنا ہی * وہان بھی نشان کرو *

س حضرت مخروط کا سایہ دوسری طرف دایرۂ دوم کے محیط پر ک کے نقطے پر پہنچا وہان بھی نشان کیا *

ج ان دونو نقطون کو خط مستقیم سے وصل کرو * یہہ خط مشرق مغرب کا ہی * ک و کے خط کو ق کے نقطہ پر نصف کر کے عمود ق ع کا کھینچو * کہ یہہ خط نصف النہار ہی * وہ ساعت نما جو تم نے تیار کئے ہو اُسپر نصب کرو *

س اسے کس طرح نصب کرنا *

ج اُس طرح نصب کرنا کہ خط مشرق مغرب ساعت نما کا اس سطح کے خط مشرق مغرب پر اور نصف النہار کا خط نصف النہار کے خط پر بلا کم و بیشی برابر منطبق ہووے *

س حضرت کے موجب ارشاد فدوی نے نصب کیا * اب آداب بجا لاتا ہی * اور رخصت ہوتا ہی *

ج خدا حافظ *

---

* پانچوان بیان شرقی غربی ساعت *
* نما کی نقشی کھینچنی کی بیان مین *

س حضرت شرقی اور غربی ساعت نما کے نقشی کھینچنے کا بیان ارشاد فرمانا *

ج دیکھو اس بارھوین شکل کو کہ یہہ شکل اس دیوار پر کھینچی جاتی ہی * کہ جو دیوار عمود ہووے خط نصف النہار پر * اگر ساعت نمانے شرقی کھینچنا ہو اس دیوار کے سطح شرقی پر کھینچو * اور اگر غربی

منظور ہو تو غرب کی طرف * اور دیوار کے جس سطح پر کہ یہ شکل کھینچیں وہ سطح واقع ہووے بیچ سطح دایرۂ نصف النہار بلد کے * اور اگر مکان کی دیوار موجود پر کھینچنا ہو تو اسکے سطح کو موازی کرو اس دیوار مذکور کے سطح سے * پس سطح دیوار مذکور پر آب کا خط موازی قاعدے دیوار کے کھینچکر جد کا خط جنوب کی طرف ایسا مائل کرو کہ زاویہ تمام عرض بلد کا پیدا ہووے *

س زاویہ تمام عرض بلد کا کتنے درجے کا ہوتا ہی *

ج ربع دایرے کے نود حصے اس مین سے ساڑھے سترہ درجے عرض بلد کے منہا ہوئے * باقی ساڑھے بہتر * پس ساڑھے بہتر درجے کے زاویہ کو زاویہ تمام عرض بلد حیدرآباد دکھن

سکا کھتے ہیں * وہ زاویہ ج کا ہی *

س ج کا زاویہ ساڑھے بہتر درجے کا تیار کیا اور کیا ارشاد ہوتا ہی *

ج ج د کے خط پر ط کا نقطہ مقرر کرو * تھوڑا فاصلہ د ط کے درمیان فضال صاعات کھینچنے کے واسطے چھوڑ کے * بعدہ خط مشرق مغرب ط کے نقطے سے ایسا کھینچو * کہ ج د کے خط کو قایمہ زوایا سے قطع کرے * وہ خط ر ط س کا ہی * بعدہ ص ش کا خط موازی اور مساوی خط ر س کے فاصلہ ضخامت جسم مقیاس کا چھوڑ کے اسکے اوپر کھینچو * بعدہ س اور ر کے نقطون سے ج د کے موازی دو خط کھینچو * کہ وہ خط ف ف اور ق ق کے ہیں * اور انہیں دو خطکے موازی دوسرے دو خط مناسب فاصلہ سے کھینچو *

س یہہ دو خط ف ف اور ق ق کے
اعداد ساعات لکھنے کے واسطے ہونگے ۰

ج ان اسیواسطے ہیئن اب ط کے نقطے
کو مرکز کرکے پرکار برابر ط س کے کھولکے
و دایرہ س ن کا کھینچو اس دایرہ کو چھہ حصے
متساوی کرو ۰

س حضرت یہی چھہ حصے ساعات کے
ہیئن ۰ اب فدوی عمل کرتا ہی ۰ اس طرح سے
کہ ط کے نقطے سے کہ مرکز دایرے کا ہی ۰
خطوط ہر حصے دایرے سے ف ف کے خط
تک کھینچا ۰ اور اعداد ٦ ٧ ٨ ٩ ١٠ ١١ کے
لکھا ۰ اب انہی نقاط سے خطوط متوازی خط
ر ط س کے ق ق کے خط تک کھینچا ۰
اور وہان بھی اعداد ٦ ٧ ٨ ٩ ١٠ ١١ کے
لکھا ۰ اگر دایرہ کو بارہ حصے کرکے عمل کرین

ہر ساعت کا نصف معلوم ہوگا * اور اگر چوبیس حصے کریں تو ربع اور نصف اور سہ ربع ہر ساعت کا معلوم ہوگا * یہان نصف ساعات کے واسطے بارہ حصے کرکے ط کے نقطے سے اور نصف ساعات کے حصون پر سے خطوط ف ف کے خط تک کھینچا * اور فضل ساعات کے واسطے ۷ ٦ کے برابر ٦ ۵ اور ۸ ۷ کے برابر ۵ ۴ کیا * اور متوازی خط ر ط س کے خطوط ۵ ۵ اور ۴ ۴ کے کھینچا * اور اجزاے فضل ساعات کے واسطے برابر ۷ ٦ اور ۸ ۷ کے جزو نکے تیار کیا * حضرت کیا اس میں خط بارھوین ساعت کا نہیں ہی *

ج ہان بارھوین ساعت کا خط اس مین نہین پیدا ہوتا * کہ اسوقت سایہ آفتاب کا نہایت دراز ہوتا ہی * بارھوین ساعت اور

اسکے اجزا سے ساعات کے واسطے پہر دو نو شکل سمجھنے کے بعد ایک قاعدہ شکال ہندسی اور شکال دو رنمائی مانند قاعدہ ساعت نما سے قطبی کے کھینچکر بناینگے * اور اسکی مقیاس موافق تیرھوین شکل کے تیار کرو کہ طول اسکا برابر رس کے اور ارتفاع طس کے برابر ہووے ۔ اگر طول مقیاس کا رس سے کم ہو کچھ خلل نہیں ہوگا ۔ مگر ارتفاع برابر طس کے ہووے *

س اگر ارتفاع مقیاس کا کم ہو تو کیا خلل ہوگا ۔

ج سایہ خطوط ساعات پر برابر نہیں گرنیکا ۔ اور علامت مقیاس کی برابر رص یا س ش کے ہو * اسکو ایسا نصب کرو کہ رس اور ص ش کے خطوط پر قایم ہووے * اسکو

ساعت نماے مشرقی کہتے ہیں ۞ کہ عمل
اس ساعت نما کا صبح سے دو پہر تک ہوتا ہی ۞
اور دو پہر کے بعد ساعت نماے مغربی پر
عمل جاری ہوگا ۞

س مغربی ساعت نما کے نقشے کا کیا عمل ہی ۞
ج دیکھو چودھوین شکل کو کہ عمل اسکا
بعینہ مانند عمل ساعت نماے مشرقی کے ہی ۞
اس مین بھی ج د کے خط کو جنوب کی طرف
موافق تمام عرض بلد کے مایل کرنا ۞ اور اس
ساعت نما کو مشرق کی طرف کی دیوار پر کہ
غروبرو یہ ہووے تیار کرنا ۞ جیسا کہ چودھوین شکل
مذکور مین اب کا خط موازی خط نصف النہار
کے اور ج د کا خط مایل جنوب کی طرف زاویہ
تمام عرض بلد کا پیدا کیا ۞ باقی عمل برابر ساعت
نماے مشرقی کے ہی ۞ مکرر حاجت بیان کی نہین

اور اعداد ایک سے چھ تک اور فضا میں خرافات
سب کے اعداد بموجب شکل موجود ہے مگر لکھو کس واسطے
